# کیڈٹ کالج کلر کہار

## امتحان داخلہ جماعت ہفتم سال۔2025ء

**کل نمبر:50** **وقت:1 گھنٹہ**

**نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔ پرچہ حل کرنے کے لئے نیلی روشنائی کا استعمال کریں۔**

## حصہ اول اردو

**سوال نمبر1: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم پندرہ سطور پر مضمون تحریر کریں۔** 10

"ہمارا ماحول اور آلودگی"

**سوال نمبر2۔ درج ذیل پیراگراف کو پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیں** 10

انسان کو چاہیے کہ وہ محنت کو اپنا شعار بنائے۔ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھنے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ آپ ایک درخت کی مثال ہی لے لیں۔ اسے درخت بننے کے لئے کتنے پُر خطر اور مشکل مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔ بیج سے درخت تک کا سفر آسان نہیں ہوتا۔ بیج پہلے مٹی میں ملتا ہے، پھر مٹی سے کونپل کی صورت باہر نکلتا ہے۔ آہستہ آہستہ وہ ایک نرم و نازک ننھا سا پودا بن جاتا ہے اور اسے موسموں کی شدت، گرمی کی حدت اور جاڑوں کی خنکی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تند اور تیز ہواؤں کے تھپیڑے سہنے پڑتے ہیں، پھر اس کی شاخیں، پتے پھول اور پھل اگتے ہیں۔

1۔ ہمیں کس چیز کو اپنا شعار بنانا چاہیے؟

2۔ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنے کا کیا نقصان ہوتا ہے؟

3۔ نرم و نازک ننھا پودا کیسے بنتا ہے؟

4۔ درخت کی شاخوں پر پھول اور پھل کیسے اگتے ہیں؟

5۔ پیراگراف کا مناسب عنوان تحریر کریں۔

**سوال نمبر3: درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔** 10

شمع ہدایت۔ بروئے کار لانا۔ مسرت۔ چاق و چوبند۔ معرضِ وجود میں آنا۔

**سوال نمبر4: درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔** 05

مفید۔ ظاہر۔ روشن۔ انسان۔ بادشاہ۔

**سوال نمبر5: ضرب المثل مکمل کریں۔** 05

پاک رہو_____ آ بیل_____ ایک انار_____ آسمان سے گرا_____ ناچ نہ جانے_____

## حصہ دوم اسلامیات

**سوال نمبر7: یوم حساب سے کیا مراد ہے؟** 05

**سوال نمبر8: توحید سے کیا مراد ہے؟** 05